2020年6月22日ジャング紙ラホール版1面

سورج گرہن، کہیں روشنی کا چھلا کہیں سورج آدھا نظر آیا

شمالی انڈیا، کانگو، سنٹرل افریقن ریپبلک، ایتھوپیا، چین میں بھی دکھائی دیا

لاہور(نیوز رپورٹر، مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سمیت کئی ممالک میں سورج گرہن ہوا، کہیں روشنی کا چھلا کہیں سورج آدھا نظر آیا۔ پاکستان کے جنوبی حصوں کے علاوہ سورج گرہن شمالی انڈیا، کانگو، سنٹرل افریقن ریپبلک، ایتھوپیا اور چین میں بھی دکھائی دیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، لاہور، پشاور، گلگت اور پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد، سکھر اور گوادر میں سورج گرہن نظر آیا۔ ہفتے کے روز پاکستان میں سورج گرہن کا عمل صبح 9 بج کر 26 منٹ پر شروع ہوا جو 11 بجے کے بعد عروج پر پہنچ گیا تھا۔ سورج گرہن کے دوران گوادر، لاڑکانہ اور سکھر میں 'رنگ آف فائر' کا نظارہ دیکھا گیا۔ اس گرہن کو رنگ آف فائر کا نام دیا گیا ہے کیونکہ اس کے دوران چاند سورج کے درمیان آجائے گا جس میں چاند سورج پر چھا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں سورج کا بیرونی حصہ ایسے دکھائی دیتا ہے جیسے کوئی رنگ یا چھلہ ہو۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی سمیت بعض دیگر شہروں میں سورج گرہن کا آغاز صبح 9 بج کر 26 منٹ پر ہوا جو 11 بجے کے بعد عروج پر پہنچا اور مکمل اختتام دوپہر 12 بج کر 46 منٹ پر ہوگیا، کوئٹہ میں سورج گرہن کا آغاز صبح 9 بجکر 26 منٹ جس کا دورانیہ 3 گھنٹے 20 منٹ رہا جو ایک بجکر 6 منٹ پر اختتام پذیر ہوگیا، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جزوی سورج گرہن کا آغاز 9 بج کر 50 منٹ پر ہوا جو 1 بج کر 6 منٹ پر ختم ہوا، اسی طرح لاہور میں سورج گرہن کا آغاز 9 بجکر 50 منٹ پر ہوا جس کا مکمل اختتام ایک بجکر 10 منٹ پر ہوگیا۔ سورج گرہن کے دوران چاند زمین اور سورج کے درمیان آجاتا ہے، حالیہ سورج گرہن کے دوران سورج چاند کی پشت سے روشنی کے گول دائرے یا چھلے کی مانند نظر آیا، پاکستان کے کچھ علاقوں میں جزوی اور کہیں مکمل طور پر روشنی کا ہالہ دیکھا گیا جب کہ گوادر، سکھر اور لاڑکانہ میں سورج گرہن کے دوران 'رنگ فائر' کا منظر دیکھا گیا۔